حریری کے اس نسخے کی طباعت کا اہتمام کیا جو کہ عرصہ سے ہندوپاک میں بالکل ناپید تھا۔ اس میں صرف دس مقاموں کا سلیس اردو زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ لغات کی صرفی ولغوی تحقیق جامع اور مختصر طریقہ سے کی گئی ہے۔''

طلبۂ ادب' عربی کیلئے اس کا مطالعہ از حد ضروری ہے۔ ان شاء اللہ دوران درس وتدریس اس سے بہت فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ کتاب میں جابجا پروف کی غلطیاں ہیں جو کہ مطالعہ کے وقت کھٹکتی ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں ان اغلاط ما ان کوتاہیوں کی تصحیح کی طرف توجہ دی جائے گی۔

کتاب: مسائل قربانی　　مصنف: مولانا محمد عبدالمعبود صاحب　　ضخامت: ۲۳۰ صفحات

قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ صوبہ سرحد

مولانا محمد عبدالمعبود صاحب مدظلہ العالی بزرگ اور محقق عالم دین کئی علمی تحقیقی اور تاریخی کتابوں کے مصنف مؤلف اور بہترین صاحب طرز ادیب ہیں۔ کتابوں کی تصنیف وتالیف کے علاوہ آپ کے موقر قلم سے نکلے ہوئے دقیع مقالات اور مضامین بھی وقتاً فوقتاً ملک بھر کے دینی رسائل اور جرائد میں چھپتے رہتے ہیں جن سے اہل ذوق اور مطالعہ کے دلدادگان حظ وافر اٹھاتے ہیں۔ ماشاء اللہ آپ جب کسی موضوع پر قلم اٹھاتے ہیں تو موضوع کے متعلق کسی بھی گوشہ کو تشنہ تحقیق نہیں چھوڑتے۔ اور اس کے لئے ہزار ہا صفحات کو کھنگالتے ہیں اور بیسیوں کتابوں کی ورق گردانی کرتے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب مسائل قربانی بھی آپ کی ایک شاہکار علمی اور تحقیقی تصنیف ہے جس میں آپ نے قربانی کی تاریخی وشرعی حیثیت' ایام قربانی' احکام قربانی اور ذبح کے جدید آلات قرآن وحدیث آثار صحابہ اور جمہور فقہاء کرام کے زرین اقوال کی روشنی میں محققانہ اور منصفانہ انداز میں مفصل اور مدلل بحث کی ہے۔ کتاب میں جتنے بھی مباحث ہیں وہ تمام باحوالہ مذکور ہیں۔ صرف ان حوالہ جات کے مطالعہ سے مصنف کی محنت وکوشش کا پتہ چلتا ہے کہ آپ نے کتنی عرقریزی سے یہ کتاب ترتیب دی ہے۔ ابتداء میں مولانا عبدالقیوم حقانی کا وقیع پیش لفظ ہے اور آپ ہی کے زیر اہتمام ادارہ القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ کی طرف سے یہ علمی سوغات مسلمانوں عوام وخواص کے لئے پیش کی گئی۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر سے نوازیں کہ انہوں نے دریا بکوزہ اندر کے مصداق ایسی وقیع کتاب افادہ عام کی خاطر امت کے سامنے پیش کی۔